aglasem.com

SAMPLE PAPER

Punjab Board

2024



Class X Urdu Elective / Additional (2023-24)

ماڈل پرچہ سوالات اردو اختیاری / ایڈیشنل

تعلیمی کتاب : دوم پاس (دسویں جماعت کیلئے)

وقت 3 گھنٹے

کل نمبر 80

ضروری نوٹ : خوش خط لکھائی کیلئے نمبر : 5

I درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھو ؟ 10 = 10 × 1

1- بابا فرید کے دادا ہندوستان کہاں سے آئے تھے ؟

A ایران B کابل C بغداد D فرید کوٹ

2- بڑھیا کی جھونپڑی میں کون ٹھہرا ؟

A داروغہ B سپاہی C ڈاکٹر D چور

3- کتب کا واحد کیا ہے ؟

A سبق B کتاب C کاپی D لائبریری

4- کنویں کا مالک کیسا آدمی تھا ؟

A کنجوس B بھولا C فراخ دل D غریب

5- شارک مچھلی کی کتنی قسمیں ہیں ؟

A دو سو B تین سو C چار سو D چھ سو

6- مچھیرے کے انعام میں کون شریک تھا ؟

A دربان B داروغہ C سپاہی D چوکیدار

7- گلبدن بیگم کس کی بیٹی تھی ؟

A اکبر کی B بابر کی C جہانگیر کی D ہمایوں کی

8- ہمایوں نامہ ..... زبان میں لکھا ہوا ہے ؟

A پنجابی B ہندی C عربی D فارسی

9- خاتون لفظ کی جمع کیا ہے ؟

A لڑکیاں B عورتیں C خواتین D انسان

10- سپاہی نے کون سی چیز بنائی ؟

A دلیہ B روٹی C کھلاڑی کی کھچڑی D کھیر

schools.aglasem.com

aglasem.com

Code 10

VI دیئے گئے سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جواب تحریر کریں ؟ 10 = 5 x 2

1۔ پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیوں کے نام لکھو ؟

2۔ قرۃ العین حیدر نے ناول کے علاوہ اور کیا کیا لکھا ہے ؟

3۔ مامون رشید کون تھے اور کہاں کے رہنے والے تھے ؟

4۔ کنویں کے مالک نے لوگوں کو پانی پینے سے کیوں روک دیا ؟

5۔ گلبدن بیگم نے کن کن بادشاہوں کا زمانہ دیکھا تھا ؟

6۔ بادشاہ نے آخر میں بھیڑیے کو کیا انعام دیا ؟

7۔ شہد کی مکھی لوگوں کو کیا پیغام دیتی ہے ؟

III استعارہ کا مطلب لکھیے ؟ 5 = 5 x 1

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے + آخر اس درد کی دوا کیا ہے ۔

ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار + یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے ۔

ہم کو اُن سے وفا کی ہے امید + جو نہیں جانتے وفا کیا ہے ۔

کوئی نہیں کچھ حکام آئد عقل تمہاری + ہم تم کہ بنائے ہیں سو باتیں ہماری

مکھی یہ نہیں ہے کوئی نعمت سے خالی + ملتا نہ ہمیں شہد یہ مکھی جو نہ ہوتی

IV کسی پانچ لفظوں کے معانی لکھو ؟ 5

خالق ۔ ظہور ۔ ماہ ۔ یکایک ۔ تجویز ۔ غفلت ۔ عہد ۔ رفتہ رفتہ

V کالم "الف" کا "ب" سے صحیح جوڑ ملاؤ 5

الف	ب
خطر	مند
صحت	دار
ہنر	کار
ذہن	ناک
تجربہ	لطف

VI واحد جمع لکھیے :- 5

شے ۔ تدابیر ۔ ملک ۔ اقسام ۔ حالت

VII متضاد الفاظ لکھو :- 5

سردی ۔ نرمی ۔ اندر ۔ فریاد ۔ کنجوس

schools.aglasem.com

aglasem.com

VIII دیئے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کرو ؟ 5

غوطہ لگانا - پیٹھ پھیرانا - جھجھکنا - اُچھلنا - دل لبھانا -

IX اپنی نصابی کتاب میں سے کوئی دو شعر لکھو جو پرچہ سوالات میں موجود نہ ہوں - 5

X اپنے سکول کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں سکول میں دوبارہ داخلہ کیلئے کہا گیا ہو -

یا

سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کیلئے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھئے - 10

XI دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 الفاظ کا مضمون تحریر کرو ؟ 10

محبت کا تہوار - صبح کی سیر - علم کے فائدے - کھیلوں کے فوائد -

schools.aglasem.com

aglasem.com

Code no 71

Class X Urdu (in lieu of Hindi) Question Papers

نمونے کا پرچہ سوالات جماعت دہم اردو بجائے ہندی

نوٹ :- خوش خط تحریر کے لیے 5 نمبر ہیں

(حصہ 'الف')

I مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیں۔ 4+4

ا رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے منگلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح "قبا" اور "کلاہ" پہنی۔ اپنے نام کے سکّے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا، انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوش حالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا، سڑکیں بنوائیں، درخت لگوائے اور کنویں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔ رضیہ سلطان کو خود بھی پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ وہ اچھی گھوڑ سوار تھی اور اُسے جنگی اسلحوں کے استعمال کا ہنر بھی آتا تھا۔ اس کی حکومت بنگال سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے "میر آخور" کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا۔ کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا

1 مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے ماخوذ ہے؟

2 رضیہ سلطان نے عوام کی بھلائی کے اور سلطنت کی ترقی کے کیا کام کیے؟

3 رضیہ سلطان کو کس بات کا شوق تھا؟

4 رضیہ نے "میر آخور" کا عہدہ کس کو اور کیوں دیا؟

ب اردو ہماری مادری زبان ہے۔ مادری زبان کا مطلب ہے، وہ زبان جسے ہم ماں کی گود میں بیٹھ کر پہلی بار سنتے ہیں اور جسے جیسے بڑے ہوتے ہیں، اُس زبان کو سیکھتے چلے جاتے ہیں۔ لیکن مادری زبان سے ہماری محبت کم نہیں ہوتی۔ جن لوگوں کی مادری زبان اردو نہیں ہے وہ بھی اردو کی شیرینی کے قائل ہیں۔ اردو کا شمار ہندوستان کی جدید آریائی زبانوں میں ہوتا ہے۔ ہمارے ملک کے آئین میں جن زبانوں کا ذکر ہے ان میں ایک اردو بھی ہے۔ اردو کی طرح ہندی، بنگلہ، اڑیا، اسامی وغیرہ بھی جدید ہند آریائی زبانیں ہیں۔ سنہ ایک ہزار عیسوی کے بعد جدید ہند آریائی زبانوں کا ارتقا شروع ہوتا ہے۔ شروع سے ہی اردو اپنے ارد گرد کی بولیوں اور زبانوں سے فیض یاب ہوتی رہی۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں ترکی، عربی، فارسی، ہندی، انگریزی اور دوسری زبانوں کے الفاظ شامل ہیں۔

schools.aglasem.com

aglasem.com

aglasem.com

Code 71

1 ہماری مادری زبان کون سی ہے ؟
2 مادری زبان کسے کہتے ہیں ؟
3 آریائی زبانیں کون سی ہیں ؟
4 اردو میں کن زبانوں کے الفاظ ہیں ؟

II مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 10=10X1

1 آپ کی اردو کی نصابی (Syllabus) کتاب کا کیا نام ہے ؟
دور پاس جان پہچان ابتدائی اردو ہماری کتاب

2 ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کب پیدا ہوئے ؟
1947 1806 1891 1905

3 "ہستی اپنی ـــــ کی سی ہے" خالی جگہ میں کون سا حرف آئے گا ؟
حباب سراب شراب خراب

4 ـــــ کا پانی قدرتی طور پر صاف ہوتا ہے ؟
بارش نل دریا سمندر

5 مکھیاں ـــــ پھیلاتی ہیں ؟
بیماری جراثیم آلودگی خرابی

6 اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا ؟
خلجی مغل لودھی موریہ

7 چھوت چھات کی ـــــ نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا ؟
لعنت رکاوٹ مشکل جہالت

8 "اے شریف انسانو" نظم کس کی لکھی ہوئی ہے۔
غالب میر تقی میر ساحر لدھیانوی ابراہیم ذوق

9 جدول تحریر میں کتنے نقطے ہوتے ہیں ؟
پانچ چھ سات آٹھ

10 "اضطراب" کے معنی ہیں ؟
خوشی بے چینی دکھ رنج

III مندرجہ ذیل کسی پانچ سوالوں کے جواب تحریر کرو۔ 5

1 سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے ؟
2 اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا ؟
3 زالہ باری سے کیا نقصانات ہوتے ؟
4 لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں ؟
5 شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے ؟
6 وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں ؟
7 گلوری ایسا کون سا کام کر سکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے ؟

schools.aglasem.com

Aglasem Earn while Learn Program. Send your papers and get paid.
Contact: support@aglasem.com
aglasem.com
schools.aglasem.com

Code 71

(حصّہ "ب")

IV اسم معرفہ، اسم نکرہ۔ فعل ماضی، فعل حال، فعل مستقبل اور حرف میں سے کسی دو کی تعریف بیان کرو بمع مثال۔ 6

V متضاد بناؤ:۔ 4

نزدیک ۔ شکست ۔ تیز ۔ شہر

VI مندرجہ ذیل کوئی چار الفاظ و محاوروں کو جملوں میں استعمال کرو۔ 8

تخت ۔ بہادر ۔ ہتھیار ڈالنا ۔ خلاف ۔ میدان چھوڑنا ۔ وفاداری

(حصّہ "ج")

VII کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھو:۔ 5

قول کا پاس ۔ خدا کے نام خط ۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

VIII کسی ایک نظم کا مرکزی خیال و خلاصہ لکھو:۔ 5

نیکی اور بدی ۔ پہاڑ اور گلہری

IX مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی تین اشعار کا مطلب بیان کرو۔ 6

- ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے۔
- نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے۔
- کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی۔
- موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی۔
- تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی، کیا آسماں بنایا۔

X علاقے کی صفائی کے لئے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھو۔ 8

یا

پوسٹ ماسٹر سے ڈاکیہ کی شکایت بارے درخواست لکھو۔

XI دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھو 10

اخبار اور اس کی اہمیت ۔ تعلیم نسواں ۔ موبائل کے فائدے اور نقصانات۔
برسات کا موسم۔

* * * * *